محکمہ داخلہ وقبائلی اُمور، خیبر پختونخوا

سوال نمبر 2416

منجانب: محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

سوال

کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) صوبے میں زخیرہ اندوزی کے خلاف قانونی کاروائی کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (ا) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ پانچ سالوں کے دوران زخیرہ اندوزی (Black Marketing) کے تحت جرم کرنے والوں سے کتنا جرمانہ وصول کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

جواب

(ا) جی ہاں! صوبے میں زخیرہ اندوزی کے خلاف قانونی کاروائی کی جاتی ہے۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران زخیرہ اندوزی (Black Marketing) کے تحت دفعہ 273 /269، 6/3اور 7/3 کی خلاف ورزی کرنے والوں سے جرمانہ وصول کیا گیا ہے جس کی تفصیل ڈویژن وائز درجہ ذیل ہے۔

پشاور ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع پشاور -/131748400 جرمانہ اور ضلع چارسدہ -/5871700 میں زخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائیوں کی مد میں وصول کیا گیا ہے۔ جبکہ ضلع نوشہرہ سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
مردان ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع مردان کی تمام تحصیلوں میں زخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائیوں کی مد میں -/2650000 جرمانہ وصول کیا گیا ہے۔ جبکہ ضلع صوابی سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
ملاکنڈ ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع دیر پائیں میں زخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائیوں کی مد میں -/22643555 جرمانہ وصول کیا گیا ہے۔ جبکہ ملاکنڈ ڈویژن کے دیگر اضلاع سوات، شانگلہ، بونیر، دیر بالا، چترال اور ملاکنڈ سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
ہزارہ ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ہزارہ ڈویژن کے تمام اضلاع میں سے زخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
کوہاٹ ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران کوہاٹ ڈویژن کے تمام اضلاع میں سے زخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
بنوں ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران بنوں ڈویژن کے تمام اضلاع میں سے زخیرہ اندوزوں کے خلاف کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔
ڈی آئی خان ڈویژن	گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ضلع ڈی آئی خان کی تمام تحصیلوں میں زخیرہ اندوزوں کے خلاف کاروائیوں کی مد میں -/397700 جرمانہ وصول کیا گیا ہے۔ جبکہ دیگر اضلاع سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی ہے۔